سوال

(131) حضرت اسرافیل اور حضرات اسرایئل کی موت کے بارے میں

جواب

السلام علیکم ورحمة اللہ وبرکاتہ

قیامت کے دن جو باقی ماندہ خلائق رہ جائے گی۔ وہ حضرت اسرافیل کے صور پھونکنے سے مرجائےٓ گی۔ تو کیا حضرت اسرافیل اور حضرات اسرایئل اپنی روح کے آپ قابض ہوں گے۔ نیزان دونوں میں مقدم موت کس کی ہوگی۔ اگر ملک الموت کی ہوگی تو حضرت اسرافیل کا قابض روح کون ہوگا۔ اگر حضرت اسرافیل کی ہوئی تو حضرت عزرائیل صور کی آواز سے نہ مرے۔ پھر صور کی ہی آواز سے خدا ساری خلائق کو جلائے گا۔ تو حضرت اسرافیل کو کیسے جلائے گا۔ اگر فرشتوں کی موت نہ ہوگی تو آیت ۔ كُلُّ نَفْسٍ ذَائِقَةُ الْمَوْتِ کے خلاف تو نہ ہوگا۔ ؟

الجواب بعون الوهاب بشرط صحة السؤال

وعلیکم السلام ورحمة اللہ وبرکاتہ

الحمد للہ، والصلاة والسلام علی رسول اللہ، أما بعد!

اصل جانکنی تو خدا کے حکم سے ہوتی ہے۔ چنانچہ ارشاد ہے۔

اللَّهُ يَتَوَفَّى الْأَنفُسَ حِينَ مَوْتِهَا ٤٢ سورة الزمر

عزرایئل ایک زریعہ ہے۔ جب زریعہ کی باری آئے گی تو حکم الہی براہ راست اس کو ماردے گا۔

ھذا ما عندي واللہ أعلم بالصواب

فتاویٰ ثنائیہ امرتسری

جلد01ص349

محدث فتویٰ